

نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

**اردو** **تفہیم عبارت: کلمہ طیبہ** **جماعت: دوم**

پیارے بچو! کلمہ طیبہ اسلام کا پہلا کلمہ ہے۔ اسے کلمہ اسلام بھی کہتے ہیں۔ کلمہ طیبہ کا مطلب "پاکیزہ بات" ہے۔ اس کے دو حصے توحید اور رسالت ہیں۔ توحید کا مطلب اللہ کو ایک ماننا ہے۔ رسالت سے مراد ہے کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں۔ سب مسلمان یہ کلمہ پڑھتے ہیں اور دل سے اس بات پر ایمان لاتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ حضرت محمد ﷺ کو اللہ کا آخری رسول مانے بغیر ہمارا ایمان مکمل نہیں ہو سکتا۔

-1 **اوپر دی گئی عبارت غور سے پڑھ کر درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجیے۔**





i. کلمہ طیبہ اسلام کا ____________ کلمہ ہے۔ (تیسرا ، پہلا)

ii. کلمہ طیبہ کا مطلب پاکیزہ ____________ ہے۔ (بات ، کام)

iii. کلمہ طیبہ کے ____________ حصے ہیں۔ (دو ، پانچ)

iv. حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے ____________ رسول ہیں۔ (پہلے ، آخری)

-2 **درج ذیل سوالات کے درست جوابات منتخب کیجیے۔**

i. **پہلے کلمے کا کیا نام ہے؟**

- کلمہ شہادت
- کلمہ طیبہ

ii. **کلمہ طیبہ پڑھنے والوں کو کیا کہتے ہیں؟**

- مسلمان
- بچے

LIVEWORKSHEETS